بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

اُتْلُ مَا اُوْحِیَ 21

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور - پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباحُ القرآن

اُتلُ مآ اُوحِیَ 21

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "**Book Developer**" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمدللہ۔
2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری و ساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہو گئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تاکہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہو گی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبد الجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "يَآيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعدازاں فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم ربِ کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمہ ٔصافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کرکے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقہ ٔحیات، یارِ غار رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کی خدائی مہرِ تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہٗ اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جاسکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلہ ٔاشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرِ نظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات و مسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرضِ مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاءاللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

أُتْلُ	مَآ [1]	أُوْحِيَ [2]	اِلَيْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَاَقِمِ
آپ تلاوت کیجیے	جو	وحی کی گئی ہے	آپ کی طرف	کتاب سے	اور آپ قائم کیجیے

الصَّلٰوةَ [3] ط	اِنَّ	الصَّلٰوةَ [3]	تَنْهٰى [3]	عَنِ الْفَحْشَآءِ	وَالْمُنْكَرِ ط
نماز	بیشک	نماز	روکتی ہے	بے حیائی سے	اور برائی (سے)

وَ	لَذِكْرُ اللّٰهِ [4]	اَكْبَرُ [5] ط	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا [1]	تَصْنَعُوْنَ (45)
اور	یقیناً اللہ کا ذکر	سب سے بڑا (ہے)	اور اللہ	وہ جانتا ہے	جو	تم سب کرتے ہو

وَ	لَا تُجَادِلُوْٓا [6]	اَهْلَ الْكِتٰبِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ [7]	هِيَ
اور	مت تم سب جھگڑو	اہل کتاب (سے)	مگر	(اُس طریقے) سے جو	وہ

اَحْسَنُ [5] ۖ	اِلَّا الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	وَقُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا
سب سے اچھا (ہو)	مگر جن	سب نے ظلم کیا	اُن میں سے	اور تم سب کہو	ہم ایمان لائے

بِالَّذِيْٓ [7]	اُنْزِلَ [2]	اِلَيْنَا	وَ	اُنْزِلَ [2]	اِلَيْكُمْ
(اُس) پر جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف	اور	(جو) نازل کیا گیا	تمہاری طرف

وَ	اِلٰهُنَا	وَاِلٰهُكُمْ	وَاحِدٌ	وَّ	نَحْنُ	لَهٗ [8]
اور	ہمارا معبود	اور تمہارا معبود	ایک (ہے)	اور	ہم	اُسی کی

مُسْلِمُوْنَ [9] (46)	وَ	كَذٰلِكَ [10]	اَنْزَلْنَآ [11]	اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ ط
سب فرمانبرداری کرنیوالے (ہیں)	اور	اِسی طرح	ہم نے اُتاری	آپ کی طرف	کتاب

فَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ [11]	الْكِتٰبَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ [7] ج	وَ
پھر (وہ لوگ) جو	(کہ) ہم نے دی اُنہیں	کتاب	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اُس پر	اور

مِنْ هٰٓؤُلَآءِ [12]	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِهٖ [7] ط	وَمَا [1]	يَجْحَدُ [13]
اِن (اہل مکہ) میں سے (بھی کوئی ایسا ہے)	جو	وہ ایمان لاتا ہے	اس پر	اور نہیں	وہ انکار کرتے

بِاٰيٰتِنَآ [7]	اِلَّا	الْكٰفِرُوْنَ (47)	وَمَا [1]	كُنْتَ	تَتْلُوْا [14]
ہماری آیات کا	مگر	سب کافر (لوگ)	اور نہیں	آپ تھے	آپ پڑھتے

مِنْ قَبْلِهٖ	مِنْ كِتٰبٍ [15][16]	وَّلَا	تَخُطُّهٗ	بِيَمِيْنِكَ [7]
اِس (قرآن) سے پہلے	کوئی کتاب	اور نہ	آپ لکھتے تھے اُسے	اپنے دائیں ہاتھ سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

3 ۃ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 شروع میں "لَ" تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

5 اسم کے شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

6 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

7 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

8 لَهٗ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

9 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

10 "كَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

11 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

12 هٰٓؤُلَآءِ اشارہ قریب کے لیے استعمال ہوتا ہے اور ترجمہ یہ یا ان کیا جاتا ہے۔

13 یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

14 تَتْلُوْا کے آخر میں وا جمع کی علامت نہیں بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

15 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

16 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

اُتۡلُ مَاۤ اُوۡحِیَ اِلَیۡكَ مِنَ الۡكِتٰبِ	تلاوت کیجیے جو آپکی طرف کتاب سے وحی کی گئی ہے
وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ	اور نماز قائم کیجیے بے شک نماز
تَنۡهٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَ الۡمُنۡكَرِ ؕ	بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے
وَ لَذِكۡرُ اللّٰهِ اَكۡبَرُ ؕ	اور یقیناً اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے
وَ اللّٰهُ یَعۡلَمُ مَا تَصۡنَعُوۡنَ ﴿45﴾	اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ جانتا ہے۔ ﴿45﴾
وَ لَا تُجَادِلُوۡۤا اَهۡلَ الۡكِتٰبِ	اور تم اہل کتاب سے مت جھگڑو
اِلَّا بِالَّتِیۡ هِیَ اَحۡسَنُ ٭ۖ	مگر اس (طریقے) سے جو (کہ) وہ سب سے اچھا ہو
اِلَّا الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا مِنۡهُمۡ	مگر وہ (لوگ) جنھوں نے اُن میں سے ظلم کیا
وَ قُوۡلُوۡۤا اٰمَنَّا بِالَّذِیۡۤ	اور تم کہو ہم (اُس) پر ایمان لائے جو
اُنۡزِلَ اِلَیۡنَا	ہماری طرف نازل کیا گیا
وَ اُنۡزِلَ اِلَیۡكُمۡ	اور (جو) تمہاری طرف نازل کیا گیا
وَ اِلٰهُنَا وَ اِلٰهُكُمۡ وَاحِدٌ	ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے
وَّ نَحۡنُ لَهٗ مُسۡلِمُوۡنَ ﴿46﴾	اور ہم اُسی کی فرمانبرداری کرنے والے ہیں۔ ﴿46﴾
وَ كَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡكَ الۡكِتٰبَ ؕ	اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف کتاب اُتاری
فَالَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ	پھر (وہ لوگ) جنہیں ہم نے کتاب دی
یُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ ۚ وَ مِنۡ هٰۤؤُلَآءِ	وہ اُس پر ایمان لاتے ہیں اور ان (اہل مکہ) میں سے (بھی کچھ ہیں)
مَنۡ یُّؤۡمِنُ بِهٖ ؕ	جو اس پر ایمان لاتا ہے
وَ مَا یَجۡحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿47﴾	اور ہماری آیات کا انکار نہیں کرتے مگر کافر لوگ ہی ﴿47﴾
وَ مَا كُنۡتَ تَتۡلُوۡا مِنۡ قَبۡلِهٖ	اور آپ اِس (قرآن) سے پہلے نہیں پڑھتے تھے
مِنۡ كِتٰبٍ وَّ لَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیۡنِكَ	کوئی کتاب اور نہ آپ اُسے اپنے دائیں ہاتھ سے لکھ سکتے تھے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اُتۡلُ : تلاوت، وحی متلو۔
- اُوۡحِیَ : وحی الٰہی، وحی متلوّ و غیر متلوّ۔
- اَقِمِ : قائم، مقیم، اقامت، قیامت۔
- الصَّلٰوةَ : صوم و صلوٰۃ، صلاۃ تسبیح۔
- تَنۡهٰی : نہی عن المنکر، اوامر و نواہی۔
- الۡفَحۡشَآءِ : فحش گوئی، عریانی و فحاشی۔
- الۡمُنۡكَرِ : نہی عن المنکر، منکرات۔
- یَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- تَصۡنَعُوۡنَ : صنعت و تجارت، مصنوعی۔
- تُجَادِلُوۡۤا : جنگ و جدل، جدال و قتال۔
- اَحۡسَنُ : احسن طریقہ، حسن، احسان۔
- ظَلَمُوۡا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- قُوۡلُوۡۤا : قول، مقولہ، اقوال زریں۔
- اٰمَنَّا : ایمان، مؤمن، امن۔
- اُنۡزِلَ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
- اِلَیۡنَا : مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
- اِلٰهُنَا : الٰہ العالمین، یاالٰہی۔
- و : لیل و نہار، شان و شوکت۔
- مُسۡلِمُوۡنَ : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام۔
- كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
- اِلَیۡكَ : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- الۡكِتٰبَ : کتاب، کتب سماویہ، کتابیں۔
- یُؤۡمِنُوۡنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
- مِنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
- اِلَّا : اِلّاماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّایہ کہ۔
- تَتۡلُوۡا : تلاوت، وحی متلوّ، غیر متلوّ۔
- قَبۡلِهٖ : قبل از وقت، قبل الکلام۔
- لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
- تَخُطُّهٗ : خط و کتابت، خطوط، خط استواء۔
- بِیَمِیۡنِكَ : یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔

اِذًا [1]	لَّارْتَابَ	الْمُبْطِلُوْنَ [2] ﴿48﴾	بَلْ	هُوَ	اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ [3]
تب	ضرور شک کرتے	سب باطل والے	بلکہ	وہ	واضح آیات ہیں

فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا [4]	الْعِلْمَ ؕ	وَمَا	يَجْحَدُ
(اُن لوگوں کے) سینوں میں جو	سب دیے گئے	علم	اور نہیں	وہ انکار کرتا

بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا	الظّٰلِمُوْنَ ﴿49﴾	وَ	قَالُوْا	لَوْلَآ [5]
ہماری آیات کا	مگر	سب ظالم (لوگ)	اور	اُن سب نے کہا	کیوں نہیں

اُنْزِلَ [6]	عَلَيْهِ	اٰيٰتٌ [3]	مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ	قُلْ	اِنَّمَا [7] [8]
اُتاری گئیں	اُس پر	نشانیاں	اُس کے رب (کی طرف) سے	آپ کہہ دیجیے	بیشک صرف

الْاٰيٰتُ [3]	عِنْدَ اللّٰهِ ؕ	وَ	اِنَّمَآ [7] [8]	اَنَا	نَذِيْرٌ [9]
نشانیاں	اللہ کے پاس (ہیں)	اور	بیشک صرف	میں	ایک ڈرانے والا

مُّبِيْنٌ ﴿50﴾	اَوَ [10]	لَمْ	يَكْفِهِمْ [11]	اَنَّآ [12]	اَنْزَلْنَا
واضح	اور کیا	نہیں	وہ کافی ہوا اُنہیں	کہ بیشک ہم	ہم نے نازل کی

عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	يُتْلٰى [13]	عَلَيْهِمْ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ [14]
آپ پر	(یہ) کتاب	وہ پڑھی جاتی ہے	اُن پر	بلاشبہ	اس میں

لَرَحْمَةً [3]	وَّذِكْرٰى	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾ ع	قُلْ	كَفٰى
یقیناً رحمت	اور نصیحت	اُن لوگوں کیلئے	وہ سب ایمان لاتے ہیں	آپ کہہ دیجیے	کافی ہے

ع 5 7 1

بِاللّٰهِ [15]	بَيْنِيْ	وَ	بَيْنَكُمْ	شَهِيْدًا ۚ	يَعْلَمُ	مَا
اللہ	میرے درمیان	اور	تمہارے درمیان	(بطور) گواہ	وہ جانتا ہے	جو

فِي السَّمٰوٰتِ [3]	وَالْاَرْضِ ؕ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِالْبَاطِلِ
آسمانوں میں	اور زمین (میں)	اور (وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	باطل پر

وَ	كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ ۙ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْخٰسِرُوْنَ [16] ﴿52﴾	وَ
اور	اُنہوں نے کفر کیا	اللہ کے ساتھ	وہی (لوگ)	ہی سب خسارہ پانے والے	اور

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ [17]	بِالْعَذَابِ ؕ	وَ	لَوْلَآ [5]	اَجَلٌ مُّسَمًّى
وہ سب جلد مانگ رہے ہیں آپ سے	عذاب کو	اور	اگر نہ (ہوتا)	(عذاب کا) مقرر وقت

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اِذْ، اِذًا کا ترجمہ جب ہوتا ہے اور اِذًا کا ترجمہ کبھی تب یا اس وقت ہوتا ہے۔

2 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

3 ات، ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 اُوْتُوْا دراصل اُوْتِيُوْا تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے ی کی پیش پچھلے حرف کو دے کر اسے حذف کیا گیا ہے۔

5 لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

6 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

7 اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف، محض یا بس وغیرہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

8 اِنَّمَا دراصل اِنَّ + مَا کا مجموعہ ہے ایک نون تخفیف کے لیے حذف ہے۔

9 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

10 "أ" کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

12 اَنَّا دراصل اَنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔

13 يُتْلٰى دراصل يُتْلَيُ تھا، یہ فعل مذکر ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔

14 ذٰلِكَ، تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُن ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِن بھی کر دیا جاتا ہے۔

15 یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

16 هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

17 فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے، مانگنے یا چاہنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿48﴾	(اگر ایسا ہوتا) تب ضرور باطل پرست شک کرتے۔ ﴿48﴾
بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ	بلکہ وہ (قرآن تو) واضح آیات ہیں
فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ	(اُن لوگوں کے) سینوں میں جو علم دیے گئے
وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ	اور ہماری آیات کا انکار نہیں کرتے
اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿49﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ	مگر ظالم لوگ ہی۔ ﴿49﴾ اور اُنھوں نے کہا کیوں نہیں
اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ	اِس پر اِسکے رب کی طرف سے نشانیاں اُتاری گئیں
قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ	کہہ دیجیے بیشک نشانیاں تو صرف اللہ کے پاس ہیں
وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿50﴾	اور بیشک میں (تو) صرف ایک واضح ڈرانے والا ہوں ﴿50﴾
اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا	اور کیا اُنھیں کافی نہیں ہوا کہ بیشک ہم نے نازل کی
عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ	آپ پر (یہ) کتاب (جو) اُن پر پڑھی جاتی ہے
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى	بلاشبہ اس میں یقیناً رحمت اور نصیحت ہے
ع 5/7 1 لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿51﴾
قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ	آپ کہہ دیجیے اللہ کافی ہے
بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ	میرے درمیان اور تمہارے درمیان (بطور) گواہ
يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ	اور (وہ لوگ) جو باطل پر ایمان لائے
وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ	اور اُنھوں نے اللہ کے ساتھ کفر کیا
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿52﴾	وہ لوگ ہی خسارہ پانے والے ہیں۔ ﴿52﴾
وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ	اور وہ (لوگ) آپ سے جلدی عذاب کا مطالبہ کرتے ہیں
وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى	اور اگر (عذاب کا) ایک وقت مقرر نہ ہوتا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَّارْتَابَ	لاریب، کتابِ لاریب۔
الْمُبْطِلُوْنَ	حق و باطل، ادیانِ باطلہ۔
بَيِّنٰتٌ	بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
صُدُوْرِ	شقِّ صدر، شرحِ صدر۔
الْعِلْمَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، علوم۔
اِلَّا	اِلّاماشاءاللہ، اِلّاقلیل، اِلّا یہ کہ۔
الظّٰلِمُوْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
قَالُوْا	قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اُنْزِلَ	نزول، منزل من اللہ، نازل۔
عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی الصبح۔
مِّنْ	منجانب، من حیث القوم۔
عِنْدَ	عندالطلب، عنداللہ ماجور۔
نَذِيْرٌ	بشارت و انذار، نذیر۔
يَكْفِهِمْ	کافی، ناکافی، کفایت۔
يُتْلٰى	تلاوت، وحی متلوّ، غیر متلوّ۔
لَرَحْمَةً	رحمت، رحم، مرحوم۔
ذِكْرٰى	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
لِقَوْمٍ	لہٰذا، الحمدللہ / قوم، اقوام۔
يُّؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
قُلْ	قول، اقوال، اقوالِ زریں۔
كَفٰى	کافی، ناکافی، کفایت۔
بَيْنِيْ	بین بین، بین الاقوامی۔
شَهِيْدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
يَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
مَا	ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
السَّمٰوٰتِ	کتبِ سماویہ، ارض و سما۔
الْخٰسِرُوْنَ	خسارہ، خائب و خاسر۔
بِالْعَذَابِ	عذابِ الٰہی، عذابِ قبر۔
اَجَلٌ	لقمۂ اجل، داعیٔ اجل۔
مُّسَمًّى	اسمِ بامسمّٰی، اجلِ مسمّٰی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے　• نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے　• سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

لَّجَآءَهُمُ	الْعَذَابُ ؕ	وَ	لَيَاْتِيَنَّهُمْ [1]	بَغْتَةً [2]
(تو)ضرور آجاتا اُن پر	عذاب	اور	بلاشبہ یقیناً وہ آئے گا اُن پر	اچانک

وَّ [3]	هُمْ [4]	لَا يَشْعُرُوْنَ [5] (53)	يَسْتَعْجِلُوْنَكَ [6]
جب کہ	وہ سب	وہ سب شعور نہ رکھتے ہوں گے	وہ سب جلدی مانگتے ہیں آپ سے

بِالْعَذَابِ ؕ	وَ	اِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيْطَةٌ [2]
عذاب کو	اور	بلاشبہ	جہنم	یقیناً گھیرنے والی(ہے)

بِالْكٰفِرِيْنَ (54) لا	يَوْمَ	يَغْشٰىهُمُ	الْعَذَابُ [7]	مِنْ فَوْقِهِمْ
کافروں کو	(اُس)دن	وہ ڈھانپ لے گا اُنہیں	عذاب	اُن کے اوپر سے

وَ	مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ	وَيَقُوْلُ	ذُوْقُوْا	مَا
اور	اُن کے پاؤں کے نیچے سے	اور وہ فرمائے گا	تم سب چکھو	جو

كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ (55)	يٰعِبَادِيَ [8]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
تم تھے	تم سب عمل کرتے	اے میرے بندو!	جو	سب ایمان لائے ہو

اِنَّ	اَرْضِيْ	وَاسِعَةٌ [2]	فَاِيَّايَ [9]	فَاعْبُدُوْنِ [10] (56)
بیشک	میری زمین	وسیع(ہے)	سوصرف میری ہی	پس تم سب میری عبادت کرو

كُلُّ	نَفْسٍ	ذَآئِقَةُ [2]	الْمَوْتِ قف	ثُمَّ	اِلَيْنَا
ہر	جان	چکھنے والی(ہے)	موت(کا مزہ)	پھر	ہماری طرف

تُرْجَعُوْنَ [11] (57)	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
تم سب لوٹائے جاؤ گے	اور	(وہ لوگ)جو	سب ایمان لائے	اور

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ [2]	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ [1]	مِّنَ الْجَنَّةِ [12][2]
اُن سب نے عمل کیے	نیک	بلاشبہ ضرور ہم جگہ دیں گے اُنہیں	جنت کے

غُرَفًا	تَجْرِيْ [2]	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
بالاخانوں(میں)	بہتی ہوں گی	اُن کے نیچے سے	نہریں	سب ہمیشہ رہنے والے

فِيْهَا ؕ	نِعْمَ [13]	اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ (58) صلے	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا
اُن میں	اچھا ہے	(نیک) عمل کرنے والوں کا اجر	جن	سب نے صبر کیا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. لَ فعل کے شروع میں اور نّ آخر میں ہو تو تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔
2. ۃ، ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں۔
3. "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔
4. علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔
5. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
6. فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے، مانگنے یا چاہنے کا مفہوم ہے علامت ی شروع میں ہو تو اِ حذف ہو جاتا ہے۔
7. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
8. یہ دراصل یٰعِبَادِیْ تھا، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زبر دی گئی ہے۔
9. فَاِيَّايَ دراصل فَ+اِيَّا+ی کا مجموعہ ہے بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے اسکے ساتھ ضرورت کے مطابق مختلف علامات ی، ہ، نا، کُمْ استعمال ہوتی ہیں۔
10. یہ دراصل فَ+اُعْبُدُوْا+نِ+ی تھا فعل کے آخر میں وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا ا حذف ہو جاتا ہے جبکہ فعل کے آخر میں ی آئے تو فعل اور اس ی کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے فَاعْبُدُوْنِيْ کے آخر سے ی وقف کی وجہ سے حذف ہے۔
11. علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔
12. مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے ضرورتاً ترجمہ کے کیا گیا ہے۔
13. نِعْمَ دراصل نَعِمَ ہے، فعل ماضی کی ع کی زیر ن کو دے کر ع کو ساکن کیا گیا ہے اور یہ بعد والے اسم کی مدح بیان کرتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

لَجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ	تو ضرور اُن پر عذاب آجاتا
وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً	اور بلاشبہ یقیناً وہ اُن پر اچانک ہی آئے گا
وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿53﴾	جب کہ وہ شعور نہ رکھتے ہوں گے۔ ﴿53﴾
يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ	وہ (لوگ) آپ سے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں اور بلاشبہ
جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿54﴾	یقیناً جہنم کافروں کو گھیرنے والی ہے۔ ﴿54﴾
يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ	(اُسی) دن اُنہیں عذاب ڈھانپ لے گا
مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ	اُن کے اوپر سے اور اُن کے پاؤں کے نیچے سے
وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا	اور وہ (اللہ) فرمائے گا (اُس کا مزا) چکھو
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿55﴾	جو کچھ تم عمل کرتے تھے۔ ﴿55﴾
يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو!
اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ	بیشک میری زمین وسیع ہے
فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿56﴾	سو (کہیں بھی رہتے ہوئے) پس تم میری ہی عبادت کرو۔ ﴿56﴾
كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۣ	ہر جان موت (کا مزہ) چکھنے والی ہے
ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿57﴾	پھر ہماری طرف ہی تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿57﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور (وہ لوگ) جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے
لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا	بلاشبہ ضرور ہم اُنہیں جنت کے بالاخانوں میں جگہ دینگے
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	اُنکے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	(وہ) اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿58﴾ ۖ	(نیک) عمل کرنے والوں کا (کیا ہی) اچھا اجر ہے۔ ﴿58﴾
الَّذِيْنَ صَبَرُوْا	(وہ لوگ) جنہوں نے صبر کیا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَلْعَذَابُ : عذابِ الٰہی، عذابِ قبر۔
وَ : صوم وصلوٰۃ، حج وعمرہ۔
لَآ : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
يَشْعُرُوْنَ : عقل وشعور، لاشعور۔
يَسْتَعْجِلُوْنَكَ : عجلت، مہرِ معجّل، تعجیل۔
لَمُحِيْطَةٌ : احاطہ، محیط۔
بِالْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یومِ آخرت۔
يَغْشٰهُمْ : غشی طاری ہونا۔
فَوْقِهِمْ : فوق، مافوق الفطرت۔
تَحْتِ : ماتحت، تحت الشعور۔
يَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ۔
ذُوْقُوْا : خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
مَا : ماحول، مافوق الفطرت۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول۔
يٰعِبَادِيَ : عبد، عبداللہ، عبادالرحمٰن۔
اَرْضِيْ : ارض وسما، ارضِ مقدس۔
وَاسِعَةٌ : وسعت، وسیع وعریض۔
كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات۔
اِلَيْنَا : رجوع الی اللہ، مکتوب الیہ۔
تُرْجَعُوْنَ : رجوع، رجعی طلاق۔
الصّٰلِحٰتِ : صالح، صلح، اعمالِ صالحہ۔
مِّنَ : منجانب، من حیث القوم۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور۔
اَجْرُ : اجر، اجرت، اجرِ عظیم۔
الْعٰمِلِيْنَ : عالمِ اسلام، اقوامِ عالم۔
صَبَرُوْا : صبرِ جمیل، صبر وتحمل، صابر۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	عَلٰی رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ [1] (59)	وَ	كَاَيِّنْ [2]
اور	اپنے رب پر	وہ سب بھروسا کرتے ہیں	اور	کتنے ہی

مِّنْ دَآبَّةٍ [3][4]	لَّا	تَحْمِلُ [4]	رِزْقَهَا ۖ	اَللّٰهُ
چلنے والے	(کہ) نہیں	وہ اُٹھائے پھرتے	اپنا رزق	اللہ

يَرْزُقُهَا	وَ	اِيَّاكُمْ ۖ	وَ	هُوَ السَّمِيْعُ [5][6]
وہ رزق دیتا ہے اُنہیں	اور	تمہیں بھی	اور	وہی خوب سننے والا

الْعَلِيْمُ [5] (60)	وَ	لَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ [7]
خوب جاننے والا	اور	بلاشبہ اگر	آپ پوچھیں اُنہیں	کس نے

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ [4]	وَ	الْاَرْضَ	وَ	سَخَّرَ
پیدا کیا	آسمانوں	اور	زمین (کو)	اور	(کس نے) مسخر کیا

الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ	لَيَقُوْلُنَّ [8]	اللّٰهُ ۚ
سورج	اور	چاند (کو)	بلاشبہ ضرور وہ کہیں گے	اللہ نے

فَاَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ [9] (61)	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ
پھر کہاں	وہ سب بہکائے جاتے ہیں	اللہ	وہ فراخ کرتا ہے	رزق

لِمَنْ [7]	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَقْدِرُ
جس کے لیے	وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے	اور	وہ (ہی) تنگ کرتا ہے

لَهٗ [10] ط	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ [11]	عَلِيْمٌ [5] (62)	وَ
اُس کے لیے	بے شک	اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا	اور

لَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ [7]	نَّزَّلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
یقیناً اگر	آپ پوچھیں اُن سے	کس نے	اُتارا	آسمان سے	پانی

فَاَحْيَا	بِهِ [11]	الْاَرْضَ	مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا [3]
پھر اُس نے زندہ کیا	اس کے ساتھ	زمین (کو)	اس کی موت (ویرانی) کے بعد

لَيَقُوْلُنَّ [8]	اللّٰهُ ط	قُلِ [12]	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ ط
بلاشبہ ضرور وہ کہیں گے	اللہ (نے)	آپ کہہ دیجیے	سب تعریف	اللہ کے لیے (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[2] كَاَيِّنْ کا ترجمہ کبھی کتنے ہی اور کبھی بہت سے کیا جاتا ہے اور اس میں پوچھنے یا سوال کرنے کا مفہوم نہیں ہوتا بلکہ کثیر تعداد پر دلالت کرتا ہے۔

[3] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[4] ة، ات اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

[6] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی یا وہی کیا جاتا ہے۔

[7] مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔

[8] لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بلا شبہ ضرور کیا گیا ہے۔

[9] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[10] لَهٗ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[11] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[12] یہ دراصل قُلْ ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے اور یہ قَوْلٌ سے بنا ہے گرامر کے اصول کے مطابق وٗ کو حذف کیا گیا ہے۔

وَعَلٰی رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿59﴾	اور اپنے رب ہی پر وہ بھروسا کرتے ہیں۔ ﴿59﴾
وَ كَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ	اور کتنے ہی چلنے والے (جاندار) ہیں
لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ	(جو) اپنا رزق (اپنے ساتھ) نہیں اُٹھائے پھرتے
اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ	اللہ ہی اُنھیں رزق دیتا ہے اور تمھیں بھی
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿60﴾	اور وہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿60﴾
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ	اور بلاشبہ اگر آپ اِن سے پوچھیں
مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟
وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ	اور (کس نے) سورج اور چاند کو مسخر کیا؟
لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ	بلاشبہ ضرور وہ کہیں گے اللہ نے (کیا ہے)
فَاَنّٰی يُؤْفَكُوْنَ ﴿61﴾	پھر کہاں وہ بہکائے جاتے ہیں؟ ﴿61﴾
اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ	اللہ ہی رزق کو فراخ کرتا ہے
لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ	اپنے بندوں میں سے جس کے لیے وہ چاہتا ہے
وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ	اور وہی اُسکے لیے تنگ کرتا ہے
اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿62﴾	بیشک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿62﴾
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ	اور یقیناً اگر آپ اُن سے پوچھیں
مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	(کہ) آسمان سے پانی کس نے اُتارا
فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ	پھر اس کے ساتھ زمین کو (کس نے) زندہ (آباد) کیا
مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا	اس کی موت (یعنی ویرانی) کے بعد
لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ	بلاشبہ ضرور وہ کہیں گے اللہ نے (یہ سب کچھ کیا)
قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ	آپ کہہ دیجیے سب تعریف اللہ کے لیے ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَلٰی	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَتَوَكَّلُوْنَ	: توکل، متوکل علی اللہ۔
لَّا	: لاتعداد، لامحدود، لاعلاج۔
تَحْمِلُ	: حمل، حامل، حاملہ، محمول۔
السَّمِيْعُ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، سامعین۔
الْعَلِيْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
سَاَلْتَهُمْ	: سوال، سائل، مسئول۔
خَلَقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
السَّمٰوٰتِ	: کتبِ سماویہ، ارض وسما۔
الْاَرْضَ	: ارض وسما، ارضِ مقدس، اراضی۔
وَ	: لیل ونہار، شان وشوکت۔
سَخَّرَ	: مسخر، تسخیر۔
الشَّمْسَ	: شمس وقمر، نظامِ شمسی۔
الْقَمَرَ	: شمس وقمر، قمری مہینہ۔
لَيَقُوْلُنَّ	: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
يَبْسُطُ	: بساط، بساط کے مطابق۔
الرِّزْقَ	: رزق، رزّاق، رازق۔
يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
بِكُلِّ	: کل کائنات، کل جہان۔
شَیْءٍ	: شے، اشیائے خورد ونوش۔
عَلِيْمٌ	: علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
سَاَلْتَهُمْ	: سوال، سائل، مسئول۔
نَزَّلَ	: نازل، نزول، منزل من اللہ۔
السَّمَآءِ	: کتبِ سماویہ، آسمانی آفات۔
مَآءً	: ماءالحیات، ماءاللحم، ماءِ زمزم۔
بِهٖ	: بالکل، بہرحال، بالواسطہ۔
الْاَرْضَ	: قطعۂ اراضی، ارضِ مقدس۔
بَعْدِ	: بعد از طعام، بعد نمازِ عصر۔
الْحَمْدُ	: حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

ع 6/12/2

بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿63﴾ ع	وَ	مَا	هٰذِهِ
بلکہ	اُن کے اکثر	نہیں وہ سب سمجھتے	اور	نہیں	یہ

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اِلَّا	لَهْوٌ	وَّ	لَعِبٌ ؕ
دنیوی زندگی	مگر	دل لگی (تماشا)	اور	کھیل کود (کھیل تماشا)

وَاِنَّ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	لَهِيَ [1]	الْحَيَوَانُ ۘ	لَوْ [2]
اور بلاشبہ	اُخروی گھر	یقیناً وہی	(اصل) زندگی (ہے)	کاش

وقف لازم

كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ ﴿64﴾	فَاِذَا	رَكِبُوْا [3]	فِي الْفُلْكِ
ہوتے	وہ سب جانتے	پھر جب	وہ سب سوار ہوتے ہیں	کشتی میں

دَعَوُا [3] [4]	اللّٰهَ [5]	مُخْلِصِيْنَ [6]	لَهُ	الدِّيْنَ ۚ [7]
وہ سب پکارتے ہیں	اللّٰہ (کو)	سب خالص کرنے والے	اُسی کے لیے	دین (عبادت کو)

فَلَمَّا	نَجّٰىهُمْ	اِلَى الْبَرِّ	اِذَا هُمْ [8]	يُشْرِكُوْنَ ﴿65﴾ لا
پھر جب	وہ بچالیتا ہے اُنہیں	خشکی کی طرف	اچانک وہ سب	وہ سب شرک کرنے لگتے ہیں

لِيَكْفُرُوْا [9]	بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ ۚ	وَ	لِيَتَمَتَّعُوْا وقفة [9]
تاکہ وہ سب ناشکری کریں	(اُس) کی جو	ہم نے دیا اُنہیں	اور	تاکہ وہ سب فائدہ اُٹھالیں

فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾	اَوَ [10]	لَمْ	يَرَوْا [11]
تو عنقریب	وہ سب جان لیں گے	اور کیا	نہیں	ان سب نے دیکھا

اَنَّا [12]	جَعَلْنَا	حَرَمًا	اٰمِنًا	وَّ [13]
کہ بیشک ہم	ہم نے بنایا	حرم (کو)	امن والا	جبکہ

يُتَخَطَّفُ [14]	النَّاسُ	مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ	اَفَبِالْبَاطِلِ [10]
اُچک لیے جاتے ہیں	لوگ	اُن کے اردگرد سے	تو کیا باطل پر

يُؤْمِنُوْنَ	وَ	بِنِعْمَةِ اللّٰهِ	يَكْفُرُوْنَ ﴿67﴾	وَمَنْ
وہ سب ایمان رکھتے ہیں	اور	اللّٰہ کی نعمت کی	وہ سب ناشکری کرتے ہیں	اور کون

اَظْلَمُ [15]	مِمَّنِ [16]	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا
بڑا ظالم (ہے)	(اس) سے جس نے	باندھا	اللّٰہ پر	جھوٹ

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] هِيَ کے بعد لَ آئے ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی، وہی کیا جاتا ہے۔

[2] لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

[3] یہ فعل ماضی ہے، یہاں ترجمہ ضرورتاً حال میں کیا گیا ہے۔

[4] یہ دراصل دَعَوْا تھا "وْ" پر پیش اگلے لفظ سے ملانے کے لیے دی گئی ہے۔

[5] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[6] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[7] الدِّيْنَ کا لفظ قرآن مجید میں چار معانی میں استعمال ہوا ہے [1] جزا، الفاتحۃ: ۴ [2] دین وملت، البقرۃ: ۱۳۲ [3] قانون، یوسف: ۷۶ [4] عبادت، الزمر: ۲، العنکبوت: ۶۵۔

[8] اِذَا کا ترجمہ عموماً جب اور کبھی اچانک بھی کیا جاتا ہے۔

[9] فعل کے شروع میں لِـ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[10] "أَ" کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[12] اَنَّا دراصل اَنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔

[13] "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[14] علامت ی پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ علامت ی کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[15] شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[16] مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔

ع 6 12 2 بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿63﴾	بلکہ اُن کے اکثر نہیں سمجھتے ہیں۔ ﴿63﴾
وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اور نہیں ہے یہ دنیوی زندگی
اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ	مگر دل لگی (تماشا) اور کھیل کود، اور بلاشبہ
الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ وقف لازم	اُخروی گھر یقیناً وہی (اصل) زندگی ہے
لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿64﴾ فَاِذَا	کاش وہ جانتے ہوتے! ﴿64﴾ پھر جب
رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ	وہ (مشرک) کشتی میں سوار ہوتے ہیں
دَعَوُا اللّٰهَ	(تو) وہ اللہ کو پکارتے ہیں
مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ	اُسی کے لیے دین (عبادت) کو خالص کرنے والے ہوتے ہیں
فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ	پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف (لاکر) بچا لیتا ہے
اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿65﴾ ۙ	(تو) اچانک وہ (اللہ کے) شریک بنانے لگتے ہیں۔ ﴿65﴾
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ	تا کہ وہ (اس) کی جو ہم نے انہیں دیا ناشکری کریں
وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۣ وقفة	اور تا کہ وہ فائدہ اٹھالیں
فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾	تو عنقریب وہ جان لیں گے۔ ﴿66﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا	اور (بھلا) کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟
اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا	کہ بیشک ہم نے حرم کو امن والا بنایا
وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ	جبکہ اُنکے اردگرد سے لوگ اچک لیے جاتے ہیں
اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ	تو (بھلا) کیا باطل پر یہ ایمان (یقین) رکھتے ہیں
وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿67﴾	اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں۔ ﴿67﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ	اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جس نے
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	اللہ پر جھوٹ باندھا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بَلْ	بلکہ۔
اَكْثَرُ	کثرت، اکثر، کثیر۔
لَا	لاعلاج، لاجواب، لامحدود۔
يَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول۔
هٰذِهِ	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
الْحَيٰوةُ	حیات جاوداں، حیاتی، مماتی۔
لَهْوٌ	لہوولعب۔
لَعِبٌ	لعب، لہوولعب۔
الدَّارَ	دارفانی، دارالامان، دیارغیر۔
رَكِبُوْا	پابہ رکاب، ہم رکاب۔
دَعَوُا	دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
مُخْلِصِيْنَ	خالص، مخلص، اخلاص۔
نَجّٰىهُمْ	فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
الْبَرِّ	برّی افواج، بحروبر۔
لِيَكْفُرُوْا	کفران نعمت۔
وَ	شام وسحر، وسیع وعریض۔
لِيَتَمَتَّعُوْا	متاع کارواں، مال ومتاع۔
يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
يَرَوْا	رویت ہلال، مرئی اشیا۔
حَرَمًا	حرم پاک، مسجد حرام۔
النَّاسُ	عوام الناس، بعض الناس۔
حَوْلِهِمْ	ماحول، ماحولیات۔
فَبِالْبَاطِلِ	حق وباطل، ادیان باطلہ۔
يُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مؤمن۔
بِنِعْمَةِ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
يَكْفُرُوْنَ	کفران نعمت۔
اَظْلَمُ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
افْتَرٰى	افترٰی پردازی، مفتری۔
عَلٰى	علی الاعلان، علیٰ ہذا القیاس۔
كَذِبًا	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[2] علامت "أ" اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔

[3] اسم کے شروع میں "لِ" کا ترجمہ کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[4] فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ یقیناً ضرور کیا گیا ہے۔

[5] شروع میں "لَ" تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[6] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[7] تْ فعل کے آخر میں واحد مونث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔

[8] فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں لفظ مغلوب میں ہی کیا گیا کا مفہوم شامل ہے۔

[9] شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[10] علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔

[11] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[12] فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور یعنی تھوڑی مدت کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] بِضْعِ میں 3 سے لے کر 9 تک کا مفہوم پایا جاتا ہے چنانچہ ساتویں سال ہی وہ غالب ہو گئے تھے۔

[14] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی یا وہی کیا جاتا ہے۔

[15] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

اَوْ	كَذَّبَ	بِالْحَقِّ [1]	لَمَّا	جَآءَهٗ ط
یا	جھٹلایا	حق کو	جب	وہ آیا اس کے پاس

اَ [2]	لَيْسَ	فِيْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ [3] (68)
کیا	نہیں	جہنم میں	ٹھکانا	سب کافروں کا

وَالَّذِيْنَ	جَاهَدُوْا	فِيْنَا	لَنَهْدِيَنَّهُمْ [4]
اور (وہ لوگ) جن	سب نے کوشش کی	ہماری (راہ) میں	یقیناً ضرور ہم ہدایت دیں گے اُنہیں

سُبُلَنَا ط	وَ	اِنَّ اللّٰهَ	لَمَعَ [5]	الْمُحْسِنِيْنَ [6] ع (69)
اپنے راستوں (کی)	اور	بیشک اللّٰہ	یقیناً ساتھ ہے	سب نیکی کرنے والوں کے

ع 7/6/3

اٰيَاتُهَا: 60 — 30 سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ 84 — رُكُوْعَاتُهَا: 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ (1) ج	غُلِبَتِ [7][8]	الرُّوْمُ (2) لا	فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ [9]	وَهُمْ [10]
الٓمّٓ	مغلوب ہوئے	رومی	قریب ترین زمین میں	اور وہ سب

مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ [11]	سَيَغْلِبُوْنَ [12] (3) لا	فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ [13] ۵
اپنے مغلوب ہونے کے بعد	عنقریب وہ سب غالب ہوں گے	چند سالوں میں

لِلّٰهِ [3]	الْاَمْرُ	مِنْ قَبْلُ	وَ	مِنْۢ بَعْدُ [11] ط
اللّٰہ ہی کے لیے	(سب) اختیار	(اس) سے پہلے (بھی)	اور	بعد (میں بھی)

وَ	يَوْمَئِذٍ	يَّفْرَحُ	الْمُؤْمِنُوْنَ (4) لا	بِنَصْرِ اللّٰهِ [1] ط
اور	اُس دن	وہ خوش ہوں گے	سب مومن	اللّٰہ کی مدد سے

يَنْصُرُ	مَنْ	يَّشَآءُ ط	وَ	هُوَ الْعَزِيْزُ [14]
وہ مدد کرتا ہے	جس کی	وہ چاہتا ہے	اور	وہی نہایت غالب

الرَّحِيْمُ (5) لا	وَعْدَ اللّٰهِ ط	لَا يُخْلِفُ	اللّٰهُ	وَعْدَهٗ
بہت رحم کرنے والا	اللّٰہ کا وعدہ	نہیں وہ خلاف ورزی کرتا	اللّٰہ	اپنے وعدے (کی)

وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ [15] (6)
اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں وہ سب جانتے

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ	یا حق کو جھٹلایا جب وہ اسکے پاس آیا
اَلَيْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى	کیا نہیں جہنم میں ٹھکانا
لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿68﴾ وَالَّذِيْنَ	(ان) کافروں کا؟ ﴿68﴾ اور (وہ لوگ) جنہوں نے
جَاهَدُوْا فِيْنَا	ہم (یعنی ہماری راہ) میں کوشش کی
لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ	بلاشبہ ضرور ہم اُنہیں اپنے راستوں کی ہدایت دیں گے
ع 7/6/3 وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿69﴾ ع	اور بیشک یقیناً اللہ نیکی کرنیوالوں کے ساتھ ہے ﴿69﴾ ع

اٰیاتُها: 60 — 30 سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ 84 — رُكُوعَاتُها: 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿1﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿2﴾	الٓمّٓ ﴿1﴾ رومی مغلوب (شکست خوردہ) ہو گئے۔ ﴿2﴾
فِیْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ	قریب ترین (شام کی) زمین میں
ان کے (حقیقی) باپوں (کو)	تو (وہ) تمہارے بھائی (ہیں)	دین میں	اور تمہارے دوست (ہیں)		
وَلَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ [6]	فِيْمَآ	اَخْطَاْتُمْ	
اور نہیں	تم پر	کوئی گناہ	(اس بارے) میں جو	تم نے (بھول کر) خطا کی	
بِهٖ [14] ۙ	وَلٰكِنْ	مَّا [2]	تَعَمَّدَتْ [15] [3]	قُلُوْبُكُمْ ؕ	
اس میں	اور لیکن	جو	عمداً کیا	تمہارے دلوں نے	

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا، کبھی ہو یا ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[2] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس، کبھی کیا، کس، کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[3] علامت "تّ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[4] یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[5] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[6] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[7] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[8] زَوْجٌ یا اَزْوَاجٌ کی نسبت اگر مذکر کی طرف ہو تو اس سے مراد بیوی اور اگر مؤنث کی طرف ہو تو اس سے مراد خاوند ہے۔

[9] اَلّٰئِیْ جمع مؤنث کی علامت ہے جیسا کہ اَلَّذِیْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔

[10] خاوند کا اپنی بیوی سے یہ کہنا کہ تو مجھ پر ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ "ظہار" کہلاتا ہے۔

[11] ذٰلِكَ سے جن کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔ البتہ معنی میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

[12] یعنی لے پالکوں کی نسبت ان کے باپوں کی طرف کرو جو جان بوجھ کر غلط انتساب کرے گا تو وہ سخت گناہ گار ہوگا۔

[13] شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[14] یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

[15] تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿2﴾	اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿2﴾
وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ	اور آپ اللہ پر بھروسا کیجیے
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿3﴾	اور اللہ بطور کارساز کافی ہے۔ ﴿3﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ	اللہ نے کسی آدمی کے لیے نہیں بنائے
مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ	اس کے سینے میں دو دل
وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ	اور اس نے تمہاری (ان) بیویوں کو نہیں بنایا
الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ	جن سے تم ظہار کرتے ہو
اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ	تمہاری مائیں، اور نہیں بنایا
اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ۭ	تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے (حقیقی) بیٹے
ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ	یہ (توصرف) تمہارا اپنے مونہوں سے کہنا ہے
وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ	اور اللہ سچ کہتا ہے
وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿4﴾	اور وہی (سیدھے) راستے کی ہدایت دیتا ہے۔ ﴿4﴾
اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآىِٕهِمْ	تم ان (منہ بولے بیٹوں) کو انکے باپوں (کی نسبت) سے پکارو
هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ	اللہ کے ہاں یہی زیادہ انصاف کی بات ہے
فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ	پھر اگر تم ان کے (حقیقی) باپوں کو نہ جانو
فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ	تو وہ تمہارے دین میں بھائی ہیں
وَمَوَالِيْكُمْ ۭ	اور تمہارے دوست ہیں
وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ	اور تم پر (اس بارے) میں کوئی گناہ نہیں ہے
فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ	اس (بات) میں جس میں تم نے (بھول کر) خطا کی
وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ	اور لیکن (گناہ وہ ہے) جو تمہارے دلوں نے عمداً کیا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بِمَا	: بالمقابل، بالمشافہ، بالواسطہ۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، تعمیل، معمولات۔
خَبِيْرًا	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
تَوَكَّلْ	: توکل، متوکل علی اللہ۔
كَفٰى	: کافی، ناکافی، کفایت۔
وَكِيْلًا	: وکیل، وکالت، وکلا۔
لِرَجُلٍ	: رجال کار، قحط الرجال۔
مِّنْ	: من حیث القوم، منجانب، منجملہ
قَلْبَيْنِ	: امراض قلب، قلوب واذہان۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اَزْوَاجَكُمُ	: زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
مِنْهُنَّ	: منجانب، من حیث القوم۔
اُمَّهٰتِكُمْ	: امہات المؤمنین، اُمُّ الامراض۔
اَبْنَآءَكُمْ	: ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابنِ مریم۔
قَوْلُكُمْ	: قول، مقولہ، قائل، اقوال زریں
بِاَفْوَاهِكُمْ	: افواہ (یعنی ہر منہ پر ایک ہی بات)۔
يَهْدِي	: ہدایت، ہادی، مہدی۔
السَّبِيْلَ	: اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
لِاٰبَآىِٕهِمْ	: آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
اَقْسَطُ	: قسط، اقساط۔
تَعْلَمُوْٓا	: علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
فَاِخْوَانُكُمْ	: اخوت، مؤاخات۔
مَوَالِيْكُمْ	: ولی، اولیاءِ کرام، ولایت، مولیٰ۔
عَلَيْكُمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَخْطَاْتُمْ	: خطا، خطاکار۔
وَ	: شام وسحر، شان وشوکت۔
لٰكِنْ	: لیکن۔
تَعَمَّدَتْ	: عمداً، قتل عمد۔
قُلُوْبُكُمْ	: قلبی تعلق، قلوب واذہان۔

وَ	كَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا [1]	رَّحِيْمًا [1] ۝5	اَلنَّبِيُّ
اور	ہے اللہ	بہت بخشنے والا	بڑا مہربان	(یہ) نبی

اَوْلٰى [2]	بِالْمُؤْمِنِيْنَ [3]	مِنْ اَنْفُسِهِمْ [4]	وَاَزْوَاجُهٗٓ
زیادہ حق دار	مؤمنوں پر	ان کی جانوں سے	اور اس کی بیویاں

اُمَّهٰتُهُمْ [4] ؕ	وَ	اُولُوا الْاَرْحَامِ [5]	بَعْضُهُمْ [4]	اَوْلٰى [2]
ان کی مائیں (ہیں)	اور	رشتے والے	ان کے بعض	زیادہ حق دار (ہیں)

بِبَعْضٍ [3]	فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ [6]
بعض کے	اللہ کی کتاب میں	(دوسرے) مؤمنوں سے	اور مہاجروں (سے)

اِلَّآ	اَنْ	تَفْعَلُوْٓا	اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ	مَّعْرُوْفًا ؕ [7]
مگر	یہ کہ	تم سب کرو	اپنے دوستوں کی طرف	کوئی نیکی

كَانَ	ذٰلِكَ [8]	فِي الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا ۝6	وَ
ہے (حکم)	یہ	کتاب (الٰہی) میں	لکھا ہوا	اور

اِذْ	اَخَذْنَا [9]	مِنَ النَّبِيّٖنَ	مِيْثَاقَهُمْ [4][10]	وَ
جب	ہم نے لیا	نبیوں سے	ان کا عہد	اور

مِنْكَ	وَ	مِنْ نُّوْحٍ	وَّاِبْرٰهِيْمَ	وَ
آپ سے (بھی)	اور	نوح سے	اور ابراہیم (سے)	اور

مُوْسٰى	وَ	عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ص	وَ	اَخَذْنَا [9]
موسیٰ	اور	عیسیٰ بن مریم (سے)	اور	ہم نے لیا

مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا [1] لا ۝7	لِّيَسْئَلَ [11]	الصّٰدِقِيْنَ [12]
ان سے	عہد	بہت پختہ	تاکہ وہ سوال کرے	سب سچوں (سے)

عَنْ صِدْقِهِمْ [4] ج	وَ	اَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ
ان کی سچائی کے بارے میں	اور	اس نے تیار کر رکھا ہے	کافروں کے لیے

عَذَابًا	اَلِيْمًا ع ۝8	يٰٓاَيُّهَا [13]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
عذاب	دردناک	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

ع 1 8 17

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

2 شروع میں علامت "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

3 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

4 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

5 اُولُوا یہ علامت جمع مذکر کے لیے استعمال ہوتی ہے اور ترجمہ والے کیا جاتا ہے۔

6 ہجرت مدینہ کے بعد آپ ﷺ نے مہاجرین اور انصار میں بھائی چارے کے ساتھ ساتھ وراثت میں بھی حق دار قرار دیا تھا اس آیت میں یہ وراثت منسوخ کر دی گئی صرف رشتہ داروں کو وارث قرار دیا گیا ہے۔

7 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

8 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

9 اَخَذْنَا کا اصل ترجمہ ہم نے پکڑا ہے۔ یہاں مفہومی ترجمہ کیا گیا ہے۔

10 یہ عہد جس کا ذکر سورہ شوریٰ آیت نمبر ۱۳ میں بھی ہے تمام انبیاء سے لیا گیا مگر عظمت و فضیلت کی وجہ سے پانچ اولوالعزم انبیاء کا نام لیا گیا ہے۔

11 فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس کا ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے۔

12 یہاں سچوں سے مراد انبیاء کرام ہیں یعنی اللہ تعالیٰ پوچھے گا کہ کیا اللہ کا پیغام اپنی قوموں تک پہنچا دیا تھا اور انہوں نے تمہاری دعوت کا جواب کس طرح دیا۔

13 یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝5	اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ۝5
اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ	(یہ) نبی مومنوں پر زیادہ حق رکھنے والے ہیں
مِنْ اَنْفُسِهِمْ	ان کی جانوں سے (بھی زیادہ)
وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ	اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں
وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ	اور رشتے دار ان میں سے بعض
اَوْلٰى بِبَعْضٍ	بعض کے (وراثت میں ایک دوسرے کے) زیادہ حق دار ہیں
فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ	اللہ کی کتاب میں
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ	(دوسرے) مومنوں اور مہاجرین سے
اِلَّآ اَنْ	مگر یہ (الگ بات ہے) کہ
تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ	تم اپنے دوستوں سے کوئی نیکی کرو
كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝6	یہی (حکم) کتابِ (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے۔ ۝6
وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ	اور جب ہم نے نبیوں سے ان کا عہد لیا
وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ	اور (خصوصاً) آپ سے اور نوح اور ابراہیم (سے)
وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۨ	اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم سے
وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝7	اور ہم نے ان سے بہت پختہ عہد لیا۔ ۝7
لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ	تاکہ (اللہ) سچ کہنے والوں سے سوال کرے
عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ	ان کی سچائی کے بارے میں
وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ	اور اس نے کافروں کے لیے تیار کر رکھا ہے
عَذَابًا اَلِيْمًا ۝8 ع (1/8/17)	دردناک عذاب۔ ۝8 ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- غَفُوْرًا : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
- رَّحِيْمًا : رحم، رحمت، مرحوم، رحیم۔
- اَوْلٰى : اولیٰ، بالاولیٰ، اولیت۔
- بِالْمُؤْمِنِيْنَ : بالواسطہ، بالمقابل، بالمشافہ۔
- بِالْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
- مِنْ : منجانب، من حیث القوم، مجملہ۔
- اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
- اَزْوَاجُهٗٓ : زوجہ، زوجیت، ازواج مطہرات۔
- الْاَرْحَامِ : رحم مادر، صلہ رحمی، قطع رحمی۔
- بَعْضُهُمْ : بعض الناس، بعض اقوام۔
- فِيْ : فی الحقیقت، فی الحال۔
- كِتٰبِ : کتاب، کتب، کاتب، مکتوب۔
- الْمُهٰجِرِيْنَ : مہاجرین، ہجرت، مہاجر۔
- تَفْعَلُوْٓا : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
- اِلٰٓى : الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔
- اَوْلِيٰٓئِكُمْ : ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
- مَّعْرُوْفًا : عرف، معروف، امر بالمعروف۔
- مَسْطُوْرًا : سطر، سطور، بین السطور۔
- اَخَذْنَا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ، ماخذ۔
- مِيْثَاقَهُمْ : میثاق، میثاق مدینہ۔
- وَ : شام وسحر، شان وشوکت۔
- ابْنِ : ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم۔
- اَخَذْنَا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
- مِّيْثَاقًا : میثاق، میثاق مدینہ۔
- لِّيَسْـَٔلَ : سوال، سائل، مسئول۔
- الصّٰدِقِيْنَ : صدق دل، صادق وامین۔
- اَعَدَّ : مستعد، استعداد، عود۔
- لِلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- عَذَابًا : عذاب قبر، عذاب الٰہی۔
- اَلِيْمًا : الم ناک حادثہ، رنج والم۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اُذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ [1]	عَلَيْكُمْ	اِذْ [2]	جَآءَتْكُمْ [1]
تم سب یاد کرو	اللہ کی نعمت (کو)	اپنے اُوپر	جب	(چڑھ) آئے تھے تم پر

جُنُوْدٌ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	وَّجُنُوْدًا
کئی لشکر	تو ہم نے بھیج دی	اُن پر	(سخت) ہوا	اور (ایسے) لشکر

لَّمْ تَرَوْهَا ط [3] [4]	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	بِمَا
(کہ) تم سب نے اُن کو دیکھا نہیں	اور	تھا	اللہ	(اُس) کو جو

تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا ۝9 ج	اِذْ [2]	جَآءُوْكُمْ [4]
تم سب کر رہے تھے	خوب دیکھنے والا	جب	وہ سب (چڑھ) آئے تم پر

مِّنْ فَوْقِكُمْ [5]	وَمِنْ اَسْفَلَ [5]	مِنْكُمْ	وَ	اِذْ [2]
تمہارے اُوپر سے	اور نیچے سے	تم سے	اور	جب

زَاغَتِ [6]	الْاَبْصَارُ	وَ	بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ [6]	الْحَنَاجِرَ
پتھرا (پھر) گئیں	آنکھیں	اور	پہنچ گئے دل	گلوں (تک)

وَ	تَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ [7]	الظُّنُوْنَا [8] ۝10
اور	تم سب گمان کر رہے تھے	اللہ کے بارے میں	(طرح طرح کے) گمان

هُنَالِكَ	ابْتُلِيَ [9] [10]	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	زُلْزِلُوْا [10]
وہاں	آزمائے گئے	سب ایمان والے	اور	وہ سب ہلائے گئے

زِلْزَالًا [8]	شَدِيْدًا ۝11	وَاِذْ [2]	يَقُوْلُ [11]	الْمُنٰفِقُوْنَ
ہلایا جانا	سخت	اور جب	وہ کہہ رہے تھے	سب منافق

وَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	مَّا
اور	(وہ لوگ) جو (کہ)	ان کے دلوں میں	بیماری (ہے)	نہیں

وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَ	رَسُوْلُهٗٓ	اِلَّا	غُرُوْرًا ۝12
وعدہ کیا ہم سے	اللہ (نے)	اور	اس کے رسول (نے)	مگر	دھوکے فریب کا

وَ	اِذْ [2]	قَالَتْ [1]	طَّآئِفَةٌ [1]	مِّنْهُمْ	يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ [12]
اور	جب	کہا	ایک گروہ نے	اُن میں سے	اے یثرب (مدینے) والو!

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ۃ اور تُ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[2] اِذْ، اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے، اِذْ عموماً ماضی کے لیے اور اِذَا عموماً مستقبل کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

[3] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[4] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[5] یعنی ہر سمت سے چڑھ آئے یا اوپر سے مراد نجد کے مشرکین اور یہودی ہیں اور نیچے کی سمت سے مراد قریش اور ان کے مدد گار ہیں۔

[6] یہ دراصل زَاغَتْ + بَلَغَتْ تھا۔ اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔

[7] بِ کا ترجمہ ضرورتاً کے بارے میں کیا گیا ہے۔

[8] الظُّنُوْنَا کے آخر میں الف زائد ہے جو باقی آیات کے آخر میں موجود الف کا لحاظ رکھتے ہوئے لایا گیا ہے یہاں ظن مصدر کی جمع لائی گئی ہے تاکہ گمان کی متعدد انواع پر دلالت کرے کہ تمہارا گمان کئی قسم کا تھا۔

[9] ابْتُلِيَ دراصل اُبْتُلِيَ تھا پچھلے لفظ سے ملا کر پڑھنے کی وجہ سے ا کی پیش نہیں پڑھی جا رہی۔

[10] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] يَقُوْلُ واحد مذکر کا فعل ہے جس کا تعلق اَلْمُنٰفِقُوْنَ جمع سے ہے، اسی لیے يَقُوْلُ کا ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

[12] یثرب مدینہ کا پرانا نام ہے، رسول ﷺ کی آمد کے بعد اس کا نام مدینۃ النبی مشہور ہوا جسے اختصاراً مدینہ کہہ دیا جاتا ہے۔

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو
اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ	جب تم پر کئی لشکر (چڑھ) آئے تھے
فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا	تو ہم نے ان پر (سخت) ہوا بھیج دی
وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ	اور (ایسے) لشکر (بھیجے کہ) تم نے اُن کو نہیں دیکھا
وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا	اور تھا اللہ اس کو جو
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ﴿9﴾	تم کر رہے تھے خوب دیکھنے والا۔ ﴿9﴾
اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ	جب وہ تم پر (چڑھ) آئے تمہارے اوپر سے
وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ	اور تمہارے نیچے سے
وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ	اور جب آنکھیں (ڈر کی وجہ سے) پتھرا (پھر) گئیں
وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ	اور دل گلوں تک پہنچ گئے
وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ	اور تم اللہ کے بارے میں گمان کر رہے تھے
الظُّنُوْنَا ﴿10﴾	(طرح طرح کے) گمان۔ ﴿10﴾
هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ	وہاں ایمان والے آزمائے گئے
وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿11﴾	اور وہ ہلائے گئے سخت ہلایا جانا۔ ﴿11﴾
وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ	اور جب منافق کہہ رہے تھے
وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ	اور (وہ لوگ بھی) جن کے دلوں میں بیماری ہے
مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ	ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ نہیں کیا
اِلَّا غُرُوْرًا ﴿12﴾	مگر دھوکے (اور فریب) کا۔ ﴿12﴾
وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ	اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا
يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ	اے یثرب (مدینے) والو!

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اذْكُرُوْا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
- نِعْمَةَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- فَاَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، رسالت، رُسُل۔
- رِيْحًا : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
- تَرَوْهَا : رویت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
- وَ : رُشد وہدایت، شان وشوکت۔
- بِمَا : بالمشافہ، بالمقابل، بالواسطہ۔
- بِمَا : ماحول، ماجرا، ماتحت۔
- تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، تعمیل، معمولات۔
- بَصِيْرًا : سمیع وبصیر، علیٰ وجہ البصیرت۔
- مِّنْ : منجانب، من حیث القوم۔
- فَوْقِكُمْ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
- اَسْفَلَ : اسفل، سفلی علم۔
- الْاَبْصَارُ : سمیع وبصیر، بصارت۔
- بَلَغَتِ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
- الْقُلُوْبُ : قلبی تعلق، قلوب واذہان۔
- تَظُنُّوْنَ : سوءِ ظن، بدظن، ظن غالب۔
- ابْتُلِيَ : ابتلاء وآزمائش، مبتلا۔
- زُلْزِلُوْا : زلزلہ، متزلزل۔
- شَدِيْدًا : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
- يَقُوْلُ : قول، اقوال، اقوال زریں۔
- فِيْ : فی الحقیقت، فی الحال۔
- مَّرَضٌ : مرض، مریض، امراض۔
- وَعَدَنَا : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
- اِلَّا : اِلّاماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
- غُرُوْرًا : غرور، مغرور۔
- طَّآئِفَةٌ : طائفہ منصورہ، طوائف الملوکی۔
- يٰۤاَهْلَ : اہل وعیال، اہل بیت۔
- يَثْرِبَ : والی یثرب (مدینہ منورہ کا پہلا نام)۔

لَا مُقَامَ [1]	لَکُمۡ	فَارۡجِعُوۡا ج	وَ
(یہاں ٹھہرنے کا) کوئی مقام نہیں	تمہارے لیے	تو تم سب لوٹ جاؤ	اور

یَسۡتَاۡذِنُ	فَرِیۡقٌ [2]	مِّنۡهُمُ	النَّبِیَّ	یَقُوۡلُوۡنَ
وہ اجازت مانگتا تھا	ایک گروہ	اُن میں سے	نبی (سے)	وہ سب کہتے تھے

اِنَّ	بُیُوۡتَنَا	عَوۡرَةٌ [3] ط	وَ [4]	مَا	هِیَ
بے شک	ہمارے گھر	غیر محفوظ	حالانکہ	نہیں	وہ

بِعَوۡرَةٍ [3][5] ج	اِنۡ [6]	یُّرِیۡدُوۡنَ	اِلَّا	فِرَارًا (13)	وَ
ہرگز غیر محفوظ	نہیں	وہ سب چاہتے	مگر	(صرف) بھاگنا	اور

ع 10

لَوۡ	دُخِلَتۡ [7]	عَلَیۡهِمۡ	مِّنۡ اَقۡطَارِهَا	ثُمَّ
اگر	داخل ہوا جاتا	ان پر	اس (مدینہ) کے اطراف سے	پھر

سُئِلُوا [7]	الۡفِتۡنَةَ	لَاٰتَوۡهَا [8]	وَ
وہ سب مطالبہ کیے جاتے	فتنے (یعنی شرک یا خانہ جنگی) کا	(تو) ضرور سب اپنا لیتے اسے	اور

مَا	تَلَبَّثُوۡا [9]	بِهَاۤ [5]	اِلَّا	یَسِیۡرًا [10] (14)	وَ
نہ	سب توقف کرتے	اس پر	مگر	بہت تھوڑا	اور

لَقَدۡ	کَانُوۡا عَاهَدُوا [11]	اللّٰهَ	مِنۡ قَبۡلُ	لَا یُوَلُّوۡنَ
بلاشبہ یقیناً	ان سب نے عہد کیا تھا	اللّٰہ (سے)	(اس) سے پہلے	نہیں وہ سب پھیریں گے

الۡاَدۡبَارَ ط	وَکَانَ [12]	عَهۡدُ اللّٰهِ	مَسۡـُٔوۡلًا (15)	قُلۡ
(اپنی) پیٹھوں (کو)	اور ہے	اللّٰہ کا عہد	پوچھا جانے والا	آپ کہہ دیجیے

لَّنۡ	یَّنۡفَعَکُمُ	الۡفِرَارُ	اِنۡ [6]	فَرَرۡتُمۡ	مِّنَ الۡمَوۡتِ
ہرگز نہیں	وہ نفع دے گا تمہیں	بھاگنا	اگر	تم بھاگو	موت سے

اَوِ	الۡقَتۡلِ	وَ	اِذًا [13]	لَّا تُمَتَّعُوۡنَ [14]
یا	قتل (سے)	اور	اس وقت	تم سب فائدہ نہیں پہنچائے جاؤ گے

اِلَّا	قَلِیۡلًا (16)	قُلۡ	مَنۡ	ذَا	الَّذِیۡ
مگر	بہت تھوڑا	آپ کہہ دیجیے	کون (ہے)	وہ	جو

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

[2] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[3] ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[4] "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[5] بِ سے پہلے اگر مَا گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

[6] اِنۡ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اگر اس اِنۡ کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[7] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں جملہ شرطیہ ہونے کی وجہ سے یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔

[8] وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[9] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[10] یَسِیۡرًا کے شروع میں یَ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

[11] کَانُوۡا اور عَاهَدُوۡا دونوں کے وۡا کو ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

[12] کَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[13] اِذًا کا ترجمہ کبھی تب اور کبھی اس وقت ہوتا ہے اور اسے اِذَنۡ کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔

[14] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے

لَا مُقَامَ لَكُمۡ	(یہاں) تمہارے لیے (ٹھہرنے کا) کوئی مقام نہیں
فَارۡجِعُوۡا ۚ	تو تم لوٹ جاؤ
وَیَسۡتَاۡذِنُ فَرِیۡقٌ مِّنۡهُمُ النَّبِیَّ	اور ان میں سے ایک گروہ نبی ﷺ سے اجازت مانگتا تھا
یَقُوۡلُوۡنَ	وہ کہہ رہے تھے
اِنَّ بُیُوۡتَنَا عَوۡرَةٌ ۛؕ	بے شک ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں
وَمَا هِیَ بِعَوۡرَةٍ ۛۚ	حالانکہ وہ بالکل غیر محفوظ نہیں ہیں
اِنۡ یُّرِیۡدُوۡنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿13﴾	نہیں وہ چاہتے مگر (صرف) بھاگنا۔ ﴿13﴾
وَلَوۡ دُخِلَتۡ عَلَیۡهِمۡ	اور اگر (لشکر) ان پر داخل کر دیے جاتے
مِّنۡ اَقۡطَارِهَا	اس (مدینہ) کے اطراف سے
ثُمَّ سُئِلُوا الۡفِتۡنَةَ	پھر وہ فتنے (یعنی شرک یا خانہ جنگی) کا مطالبہ کیے جاتے
لَاٰتَوۡهَا	(تو) ضرور وہ اسے اپنا لیتے (یعنی ضرور عمل کرتے)
وَمَا تَلَبَّثُوۡا بِهَاۤ اِلَّا یَسِیۡرًا ﴿14﴾	اور اس پر توقف نہ کرتے مگر تھوڑا سا۔ ﴿14﴾
وَلَقَدۡ كَانُوۡا عَاهَدُوا اللّٰهَ	اور بلا شبہ یقیناً انہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا
مِنۡ قَبۡلُ لَا یُوَلُّوۡنَ الۡاَدۡبَارَ ؕ	اس سے پہلے (کہ) وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے
وَكَانَ عَهۡدُ اللّٰهِ مَسۡـُٔوۡلًا ﴿15﴾	اور اللہ کا عہد پوچھا جانے والا ہے۔ ﴿15﴾
قُلۡ لَّنۡ یَّنۡفَعَكُمُ الۡفِرَارُ	آپ کہہ دیجیے تمہیں بھاگنا ہرگز نفع نہیں دے گا
اِنۡ فَرَرۡتُمۡ مِّنَ الۡمَوۡتِ اَوِ الۡقَتۡلِ	اگر تم موت سے بھاگو یا قتل (کے ڈر) سے بھاگو
وَاِذًا	اور اس وقت
لَّا تُمَتَّعُوۡنَ اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿16﴾	تم فائدہ نہیں پہنچائے جاؤ گے مگر بہت تھوڑا۔ ﴿16﴾
قُلۡ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ	آپ کہہ دیجیے کون ہے وہ جو

رکوع 10

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَا	: لاتعداد، لاعلم، لاجواب۔
مُقَامَ	: مقام و مرتبہ، مقام محمود۔
فَارۡجِعُوۡا	: رجوع، رجعت پسندی۔
وَ	: شام و سحر، شان و شوکت۔
یَسۡتَاۡذِنُ	: باذن اللہ، اذنِ الٰہی۔
فَرِیۡقٌ	: فریق اول، فرقہ واریت۔
یَقُوۡلُوۡنَ	: قول، مقولہ، اقوال زریں۔
بُیُوۡتَنَا	: بیت اللہ، بیت المقدس۔
یُرِیۡدُوۡنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
فِرَارًا	: فرار، مفرّ، راہ فرار اختیار کرنا۔
دُخِلَتۡ	: داخل، مداخلت، وزیر داخلہ۔
عَلَیۡهِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان۔
مِّنۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
سُئِلُوا	: سوال، سائل، مسئول۔
الۡفِتۡنَةَ	: فتنہ و فساد، فتنہ برپا ہونا۔
اِلَّا	: اِلّاماشاءاللہ، اِلّاقلیل، اِلّایہ کہ۔
وَ	: قول و قرار، شان و شوکت۔
عَاهَدُوا	: عہد نامہ، ایفائے عہد، معاہدہ
مِنۡ	: منجانب، من وعن۔
قَبۡلُ	: قبل از وقت، قبل از غذا۔
لَا	: لاعلاج، لاجواب، لامحدود۔
الۡاَدۡبَارَ	: دُبر، اِدبار۔
مَسۡـُٔوۡلًا	: سوال، سائل، مسئول۔
یَّنۡفَعَكُمۡ	: نفع، منافع، نفع و نقصان۔
الۡفِرَارُ	: فرار، مفرّ، راہ فرار اختیار کرنا۔
لَّا	: لاجواب، لاتعداد، لاعلم۔
تُمَتَّعُوۡنَ	: متاع کارواں، مال و متاع۔
اِلَّا	: الاقلیل، الاماشاءاللہ، الایہ کہ۔
قَلِیۡلًا	: قلیل، قلیل مدت، قلت۔
قُلۡ	: قول، اقوال، اقوال زریں۔

يَعْصِمُكُمْ [1]	مِّنَ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَ	بِكُمْ [2]
وہ بچائے گا تمہیں	اللہ سے	اگر	وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ
سُوْٓءًا [3]	اَوْ	اَرَادَ	بِكُمْ [2]	رَحْمَةً ؕ [3]
کسی برائی (کا)	یا	وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ	کسی مہربانی (کا)
وَ	لَا يَجِدُوْنَ [4]	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ [5]	وَلِيًّا [3]
اور	نہیں وہ سب پائیں گے	اپنے لیے	اللہ کے سوا	کوئی دوست

وَّ	لَا	نَصِيْرًا [3] (17)	قَدْ	يَعْلَمُ	اللّٰهُ [6]
اور	نہ	کوئی مددگار	یقیناً	وہ جانتا ہے	اللہ

الْمُعَوِّقِيْنَ [7]	مِنْكُمْ	وَ	الْقَآئِلِيْنَ
سب رکاوٹیں ڈالنے والوں (کو)	تم میں سے	اور	سب کہنے والوں (کو)

لِاِخْوَانِهِمْ	هَلُمَّ	اِلَيْنَا ۚ	وَ	لَا يَاْتُوْنَ [4]
اپنے بھائیوں سے	(کہ) آجاؤ	ہماری طرف	اور	نہیں وہ سب آتے
الْبَاْسَ	اِلَّا	قَلِيْلًا ۙ (18)	اَشِحَّةً [8]	عَلَيْكُمْ ۚۖ
لڑائی (میں)	مگر	بہت کم	(اس حال میں کہ وہ) سخت بخیل (ہیں)	تم پر
فَاِذَا	جَآءَ	الْخَوْفُ [6]	رَاَيْتَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ
پھر جب	آئے	خوف	آپ دیکھیں گے اُنہیں	وہ سب دیکھتے ہیں

اِلَيْكَ	تَدُوْرُ [9]	اَعْيُنُهُمْ	كَالَّذِيْ [10]
آپ کی طرف	(ایسے کہ) گھومتی ہیں	اُن کی آنکھیں	(اس شخص) کی طرح جو
يُغْشٰى [11]	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ ۚ	فَاِذَا
غشی طاری کی جا رہی ہو	اُس پر	موت (کی وجہ) سے	پھر جب
ذَهَبَ	الْخَوْفُ [6]	سَلَقُوْكُمْ [1][12]	بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ [2][8]
چلا جائے	خوف	سب زبان درازی کریں تم پر	تیز زبانوں کے ساتھ
اَشِحَّةً [8]	عَلَى الْخَيْرِ ؕ	اُولٰٓئِكَ [13]	لَمْ يُؤْمِنُوْا [14]
سخت حریص یا بخیل	مال پر	یہ (لوگ ہیں)	(کہ) نہیں وہ سب ایمان لائے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

2 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

3 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

4 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

5 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

6 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

7 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

8 اَشِحَّةً شَحِيْحٌ کی جمع ہے سخت حرص اور بخل کرنے والے کو کہتے ہیں یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔

9 تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

10 "كَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

11 یہ دراصل يُغْشَيُ تھا، علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے اور گرامر کے اصول کے مطابق يُغْشٰى ہو گیا ہے۔

12 وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

13 اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُن ہے ضرورتاً کبھی ترجمہ یہ یا اِن بھی کر دیا جاتا ہے

14 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ	تمہیں اللہ سے بچائے گا
اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا	اگر وہ تمہارے ساتھ کسی برائی کا ارادہ کرے
اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ	یا وہ تمہارے ساتھ کسی مہربانی کا ارادہ کرے
وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ	اور وہ اپنے لیے نہیں پائیں گے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿17﴾	اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿17﴾
قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ	یقیناً اللہ (بخوبی) جانتا ہے
الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ	تم میں (جہاد سے) روکنے والوں کو
وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ	اور اپنے بھائیوں سے (یہ) کہنے والوں کو (بھی)
هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ	کہ (مسلمانوں کا ساتھ چھوڑ کر) ہماری طرف آجاؤ
وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿18﴾	اور وہ نہیں آتے لڑائی میں مگر بہت کم۔ ﴿18﴾
اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ښ	(اس حال میں کہ وہ) تم (یعنی تمہاری مدد) پر سخت بخیل ہیں
فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ	پھر جب خوف (کا وقت) آئے (تو) آپ انہیں دیکھیں گے
يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ	(کہ) وہ آپ کی طرف (ایسے) دیکھتے ہیں
تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ	(کہ) ان کی آنکھیں گھوم رہی ہوتی ہیں
كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ	اس (شخص) کی طرح جس پر غشی طاری کی جا رہی ہو
مِنَ الْمَوْتِ ۚ	موت کی
فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ	پھر جب خوف چلا جائے
سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ	(تو) تم پر تیز زبانوں کے ساتھ زبان درازی کریں گے
اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ	(اس حال میں کہ) مال پر سخت حریص یا بخیل ہیں
اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا	یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان لائے ہی نہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يَعْصِمُكُمْ	: معصوم، عفت وعصمت۔
اَرَادَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
سُوْٓءًا	: علمائے سوء، سوءِ ظن۔
رَحْمَةً	: رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
وَ	: شان وشوکت، حسن وجمال۔
لَا	: لاعلم، لاتعداد، لاجواب۔
يَجِدُوْنَ	: وجود، موجود۔
وَلِيًّا	: ولی، اولیاء کرام، ولایت۔
نَصِيْرًا	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
يَعْلَمُ	: علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
الْقَآئِلِيْنَ	: قول، مقولہ، اقوال زریں۔
لِاِخْوَانِهِمْ	: اخوت، اخوان المسلمین۔
اِلَيْنَا	: الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔
اِلَّا	: اِلّاماشاءاللہ، اِلّاقلیل، اِلّایہ کہ۔
قَلِيْلًا	: قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
عَلَيْكُمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْخَوْفُ	: خوف، خائف، خوف وہراس۔
رَاَيْتَهُمْ	: رویت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
يَنْظُرُوْنَ	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔
تَدُوْرُ	: دور، دورہ، مدار، دائرہ۔
اَعْيُنُهُمْ	: عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
كَالَّذِيْ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
يُغْشٰى	: غشی طاری ہونا۔
مِنَ	: منجانب، من حیث القوم۔
الْمَوْتِ	: موت وحیات، حیاتی وممانی۔
بِاَلْسِنَةٍ	: بالمقابل، بالمشافہ، بالواسطہ۔
بِاَلْسِنَةٍ	: لسانی تعصب، لسانیات۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی الصبح۔
الْخَيْرِ	: خیر (مال) خیرات۔
يُؤْمِنُوْا	: ایمان، مؤمن، امن۔

فَاَحۡبَطَ	اللّٰهُ [1]	اَعۡمَالَهُمۡ ؕ [2]	وَ	كَانَ [3]	ذٰلِكَ [4]
تو ضائع کر دیے	اللہ نے	ان کے اعمال	اور	ہے	یہ

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيۡرًا (19)	يَحۡسَبُوۡنَ	الۡاَحۡزَابَ
اللہ پر	بہت آسان	وہ سب گمان کرتے ہیں	لشکروں (کو)

لَمۡ يَذۡهَبُوۡا ۚ [5][6]	وَاِنۡ	يَّاۡتِ	الۡاَحۡزَابُ	يَوَدُّوۡا
(کہ) نہیں وہ سب گئے	اور اگر	وہ آجائیں	لشکر	(تو) وہ سب خواہش کریں گے

لَوۡ [7]	اَنَّهُمۡ	بَادُوۡنَ [8]	فِى الۡاَعۡرَابِ	يَسۡاَلُوۡنَ
کاش	بیشک وہ	سب جنگل میں رہنے والے	دیہاتیوں میں (ہوتے)	(اور) وہ سب پوچھتے رہتے

عَنۡ اَنۡۢبَآئِكُمۡ ؕ	وَلَوۡ [7]	كَانُوۡا	فِيۡكُمۡ	مَّا [9]
تمہاری خبروں کے بارے میں	اور اگر	وہ سب (موجود) ہوتے	تم میں	(تو) نہ

ع 2 12 18

قٰتَلُوۡۤا	اِلَّا	قَلِيۡلًا ع (20)	لَقَدۡ [10]	كَانَ [3]	لَكُمۡ
وہ سب لڑتے	مگر	بہت کم	بلاشبہ یقیناً	ہے	تمہارے لیے

فِىۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ	اُسۡوَةٌ حَسَنَةٌ [11]	لِّمَنۡ	كَانَ [3]	يَرۡجُوا [12]
اللہ کے رسول میں	بہترین نمونہ	(اس) کے لیے جو	ہو	وہ اُمید رکھتا

اللّٰهَ	وَ	الۡيَوۡمَ الۡاٰخِرَ	وَ	ذَكَرَ اللّٰهَ	كَثِيۡرًا ؕ (21)
اللہ (سے ملاقات کی)	اور	یوم آخرت (کی)	اور	اللہ کا ذکر کرے	کثرت (سے)

وَ	لَمَّا	رَاَ	الۡمُؤۡمِنُوۡنَ [13]	الۡاَحۡزَابَ ۙ
اور	جب	دیکھا	ایمان لانے والوں (نے)	(کافروں کے) لشکروں (کو)

قَالُوۡا	هٰذَا	مَا [9]	وَعَدَنَا اللّٰهُ [1]	وَ
اُنہوں نے کہا	یہ (وہی ہے)	جس (کا)	وعدہ کیا تھا ہم سے اللہ نے	اور

رَسُوۡلُهٗ [14]	وَ	صَدَقَ	اللّٰهُ [1]	وَ	رَسُوۡلُهٗ ۫ [14]
اس کے رسول (نے)	اور	سچ کہا	اللہ (نے)	اور	اس کے رسول (نے)

وَ	مَا [9]	زَادَهُمۡ	اِلَّاۤ	اِيۡمَانًا	وَّ	تَسۡلِيۡمًا ؕ (22)
اور	نہیں	زیادہ کیا اُنہیں (اس چیز نے)	مگر	ایمان (میں)	اور	فرمانبرداری (میں)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

2 هُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔

3 كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہو، ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

4 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

5 لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً ماضی میں کیا جاتا ہے۔

6 یہ بات منافقوں کے بارے میں ہے کہ وہ اس قدر بزدل ہیں کہ کافروں کے گروہ ناکام واپس جاچکے ہیں پھر بھی یہ دہشت کی وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ ابھی اپنے مورچوں میں موجود ہیں اور ابھی تک نہیں گئے۔

7 لَوۡ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

8 بَادُوۡنَ دراصل بَادِيُوۡنَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق بَادُوۡنَ ہوا ہے۔

9 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

10 لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

11 ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

12 يَرۡجُوۡا کے آخر میں وۡا جمع مذکر کے لیے نہیں بلکہ یہ وۡ اصل لفظ کا حصہ اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔

13 منافقون کا حال بیان کرنے کے بعد اب مخلص مسلمانوں کا حال بیان کیا گیا کہ انہوں نے ان سب سختیوں پر کہا کہ یہ آزمائش تنگی اور تکلیف کے وہی مرحلے ہیں جن کے آنے کی اللہ اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے پہلے ہی خبر دے رکھی تھی جن پر صبر کے بعد اللہ کی مغفرت کا وعدہ ہے۔

14 هٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ط	تو اللہ نے ان کے اعمال ضائع کر دیے
وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿19﴾	اور اللہ پر یہ بہت آسان ہے۔ ﴿19﴾
يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ج	وہ لشکروں کو گمان کرتے ہیں (کہ ابھی تک) وہ نہیں گئے
وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ	اور اگر وہ لشکر (پھر) آجائیں
يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ	(تو) وہ خواہش کریں گے کاش بیشک وہ
بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ	جنگل کے رہنے والے دیہاتیوں میں ہوتے
يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ط	وہ تمہاری خبروں کے بارے میں پوچھتے رہتے
وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ	اور اگر وہ تم میں (موجود) ہوتے
ع 2 12 18 مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿20﴾ ع	(تو) وہ نہ لڑتے مگر بہت کم۔ ﴿20﴾ ع
لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ	بلاشبہ یقیناً تمہارے لیے ہے اللہ کے رسول میں
اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ	بہترین نمونہ
لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ	اس کے لیے جو اللہ (سے ملاقات) کی اُمید رکھتا ہو
وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	اور یوم آخرت کی (اُمید رکھتا ہو)
وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿21﴾ ط	اور وہ کثرت سے اللہ کا ذکر کرے۔ ﴿21﴾
وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ لا	اور جب ایمان والوں نے (کافروں کے) لشکروں کو دیکھا
قَالُوْا هٰذَا مَا	(تو) انہوں نے کہا یہ (وہی) ہے جس کا
وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ	ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا
وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ز	اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا
وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا	اور (اس چیز نے) انہیں زیادہ نہیں کیا مگر ایمان میں
وَّتَسْلِيْمًا ﴿22﴾ ط	اور فرمانبرداری میں۔ ﴿22﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَعْمَالَهُمْ	: عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
عَلَى	: علی الاعلان، علی العموم۔
يَسِيْرًا	: میسّر، تیسیر۔
الْاَحْزَابَ	: حزب اللہ، حزب الشیطان۔
يَوَدُّوْا	: محبت ومودّت۔
بَادُوْنَ	: بدو، بدوی زندگی۔
يَسْاَلُوْنَ	: سوال، سائل، مسئول۔
اَنْۢبَآئِكُمْ	: نبی، انبیاء۔
فِيْكُمْ	: فی الحال، فی الحقیقت۔
قٰتَلُوْٓا	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
اِلَّا	: اِلّاماشاءاللہ، اِلّاقلیل، اِلّایہ کہ۔
قَلِيْلًا	: قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
فِيْ	: فی الحال، فی الوقت، فی الفور۔
اُسْوَةٌ	: اسوہ حسنہ، اسوہ کامل۔
حَسَنَةٌ	: بطریقِ احسن، قرض حسنہ۔
لِّمَنْ	: لِهٰذا، الحمدللہ۔
يَرْجُوا	: امید ورجا، بیم ورجا۔
الْيَوْمَ	: یوم، ایام، یومیہ۔
ذَكَرَ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
كَثِيْرًا	: اکثر، کثیر، قلت وکثرت۔
رَاَ	: رویئت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
الْاَحْزَابَ	: حزب اللہ، حزب اختلاف۔
قَالُوْا	: قول، اقوال زریں، مقولہ۔
هٰذَا	: لِهٰذا، ہذا من فضل ربی۔
وَعَدَنَا	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
وَ	: قلوب واذہان، لیل ونہار۔
صَدَقَ	: صداقت، صادق وامین۔
زَادَهُمْ	: زیادہ، مزید، زائد۔
اِيْمَانًا	: امن، ایمان، مؤمن۔
تَسْلِيْمًا	: مسلم، مسلمان، اسلام۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	رِجَالٌ [1]	صَدَقُوْا	مَا
مؤمنوں میں سے	کچھ مرد (ایسے ہیں)	(جو) سب سچے اُترے	جو

عَاهَدُوا	اللّٰهَ [2]	عَلَيْهِ ج	فَمِنْهُمْ	مَّنْ	قَضٰى
اُن سب نے عہد کیا	اللّٰہ (سے)	اس (بات) پر	پھر ان میں سے	(کوئی وہ ہے) جس نے	پوری کر لی

نَحْبَهٗ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْتَظِرُ صلے	وَمَا
اپنی نذر	اور	ان میں سے (کوئی وہ ہے)	جو	وہ انتظار کر رہا ہے	اور نہیں

بَدَّلُوْا	تَبْدِيْلًا [3] لا (23)	لِّيَجْزِيَ [4]	اللّٰهُ	الصّٰدِقِيْنَ
بدلا ان سب نے (اپنا اقرار)	(کچھ بھی) تبدیل کرنا	تاکہ وہ بدلہ دے	اللّٰہ	سب سچوں (کو)

بِصِدْقِهِمْ [5][6]	وَ	يُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	اِنْ [7]	شَآءَ
ان کی سچائی کا	اور	وہ عذاب دے	سب منافقوں (کو)	اگر	چاہے

اَوْ	يَتُوْبَ	عَلَيْهِمْ ط [8]	اِنَّ اللّٰهَ [7]	كَانَ [9]	غَفُوْرًا [10]
یا	وہ رجوع کرے	ان پر	بیشک اللّٰہ	ہے	بہت بخشنے والا

رَّحِيْمًا [10] ج (24)	وَرَدَّ اللّٰهُ [11]	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِغَيْظِهِمْ [12][6]
نہایت رحم والا	اور لوٹا دیا اللّٰہ نے	(ان لوگوں کو) جن	سب نے کفر کیا	ان کے غصے سمیت

لَمْ يَنَالُوْا [13]	خَيْرًا ط [1]	وَكَفَى	اللّٰهُ [11]	الْمُؤْمِنِيْنَ
نہیں ان سب نے حاصل کی	کوئی بھلائی	اور کافی ہو گیا	اللّٰہ	مؤمنوں (کو)

الْقِتَالَ ط	وَكَانَ [9]	اللّٰهُ	قَوِيًّا [10]	عَزِيْزًا [10] ج (25)	وَ
لڑائی (سے)	اور ہے	اللّٰہ	بہت طاقتور	بہت غالب	اور (اللّٰہ)

اَنْزَلَ	الَّذِيْنَ	ظَاهَرُوْهُمْ	مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اُتار لایا	(اُن لوگوں کو) جن	سب نے مدد کی تھی ان (مشرکوں) کی	اہل کتاب میں سے

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ [6]	وَقَذَفَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ [6]	الرُّعْبَ
ان کے قلعوں سے	اور اس نے ڈال دیا	ان کے دلوں میں	رعب

فَرِيْقًا [1]	تَقْتُلُوْنَ	وَ	تَاْسِرُوْنَ	فَرِيْقًا [1][14] ج (26)
ایک گروہ (کو)	تم سب قتل کرتے تھے	اور	تم سب قید کرتے تھے	ایک گروہ (کو)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[2] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[3] تَبْدِيْلًا بَدَّلُوْا فعل کا مصدر ہے جو تاکید کے لیے استعمال ہوا ہے۔

[4] فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[5] هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[6] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[7] اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اِنَّ کا ترجمہ بیشک ہوتا ہے۔

[8] یعنی ان کی توبہ قبول فرمائے اور ان کو اسلام قبول کرنے کی توفیق دے دے۔

[9] كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہو، ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[10] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[12] یعنی اللّٰہ تعالیٰ کی قدرت دیکھو کہ ایک طرف تو اللّٰہ نے کافروں کو جو غصہ سے بھرے ہوئے تھے خالی ہاتھ واپس لوٹا دیا اور دوسری طرف مسلمانوں کو لڑائی سے بچا لیا اور بنو قریظہ کے یہودیوں کے دلوں میں تمہارا رعب ڈال دیا۔

[13] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے اسی لیے یہ کا ترجمہ وہ کی بجائے اس کیا گیا ہے۔

[14] اس سے مراد غزوہ بنی قریظہ ہے جنہوں نے عہد شکنی کر کے مشرکوں کی مدد کی تھی۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا	مومنوں میں سے کچھ مرد (ایسے) ہیں (جو) سچے اترے
مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ	اس (بات) پر جو انہوں نے اللہ سے عہد کیا
فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ	پھر ان میں سے (کوئی تو وہ ہے) جو اپنی نذر پوری کر چکا
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ	اور ان میں سے (کوئی وہ ہے) جو انتظار کر رہا ہے
وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۙ (23)	اور نہیں بدلا انہوں نے (اپنا اقرار ذرا بھی) تبدیل کرنا (23)
لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ	تاکہ اللہ سچوں کو بدلہ دے
بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ	ان کی سچائی کا اور وہ منافقوں کو عذاب دے
اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ	اگر وہ چاہے یا وہ ان پر توجہ کرے (یعنی توبہ قبول کرے)
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ (24)	بیشک اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ (24)
وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور اللہ نے (ان لوگوں کو) جنہوں نے کفر کیا (خالی) لوٹا دیا
بِغَيْظِهِمْ	ان کے غصے سمیت
لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ	انہوں نے کوئی بھلائی حاصل نہیں کی
وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ	اور اللہ مومنوں کو لڑائی کے بارے میں کافی ہو گیا
وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۚ (25)	اور اللہ بہت طاقت ور بہت غالب ہے۔ (25)
وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ	اور (اللہ) اُتار لایا (ان لوگوں کو) جنہوں نے
ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	ان (مشرکوں) کی مدد کی تھی اہل کتاب میں سے
مِنْ صَيَاصِيْهِمْ	ان کے قلعوں سے
وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ	اور اس نے انکے دلوں میں (تمہارا) رعب ڈال دیا
فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ	ایک گروہ کو تم قتل کرتے تھے
وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۚ (26)	اور ایک گروہ کو تم قید کرتے تھے۔ (26)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنَ : منجانب، من وعن، منجملہ۔
رِجَالٌ : رجال کار، قحط الرجال۔
صَدَقُوْا : صدق دل، صادق وامین۔
مَا : ماحول، ماورائے آئین، ماجرا۔
عَاهَدُوْا : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی ہذا القیاس۔
فَمِنْهُمْ : منجانب، من حیث القوم۔
قَضٰى : قضائے حاجت، قضا وقدر۔
يَنْتَظِرُ : انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔
بَدَّلُوْا : بدل، بدلہ، نعم البدل، متبادل۔
لِيَجْزِيَ : جزاء وسزاء، جزائے خیر۔
شَآءَ : ماشاء اللہ، مشیت الٰہی۔
يَتُوْبَ : توبہ، تائب۔
غَفُوْرًا : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
رَحِيْمًا : رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
رَدَّ : رد، مردود، تردید، مرتد۔
بِغَيْظِهِمْ : غیظ وغضب۔
خَيْرًا : خیر، خیر خواہی، صبح بخیر۔
وَ : شام وسحر، علم وحکمت۔
كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
الْقِتَالَ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
قَوِيًّا : قوت، قوی، مقوی۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
اَهْلِ : اہل بیت، اہل وعیال۔
فِيْ : فی الفور، فی الحقیقت۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، قلوب واذہان۔
الرُّعْبَ : رعب ودبدبہ، مرعوب۔
تَاْسِرُوْنَ : اسیران بدر، اسیر زلف۔
فَرِيْقًا : فریق، فرقہ، تفرقہ۔

وَ	اَوْرَثَكُمْ [1]	اَرْضَهُمْ	وَدِيَارَهُمْ
اور	اس نے وارث بنادیا تمہیں	انکی زمین کا	اور ان کے گھروں (کا)

وَاَمْوَالَهُمْ	وَ	اَرْضًا	لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ط [2][3]
اور ان کے مالوں (کا)	اور	(اُس) زمین (کا بھی)	تم نے قدم نہ رکھے تھے اس پر

ع 3/7 19

وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ	قَدِيْرًا ع (27)
اور	ہے	اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا

يٰۤاَيُّهَا النَّبِیُّ [4]	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ [5]	اِنْ	كُنْتُنَّ
اے نبی	آپ کہہ دیجیے	اپنی بیویوں سے	اگر	تم (سب عورتیں) ہو

تُرِدْنَ [6]	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	وَ	زِيْنَتَهَا	فَتَعَالَيْنَ [7]
تم چاہتی	دنیوی زندگی	اور	اس کی زیب وزینت (کو)	تو آؤ

اُمَتِّعْكُنَّ [7]	وَ	اُسَرِّحْكُنَّ [7]	سَرَاحًا [8]
میں کچھ سامان دے دوں تمہیں	اور	میں رخصت کردوں تمہیں	رخصت کرنا

جَمِيْلًا (28)	وَ	اِنْ	كُنْتُنَّ	تُرِدْنَ [6]
اچھے طریقے سے	اور	اگر	تم (سب عورتیں) ہو	تم چاہتی

اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ
اللہ	اور	اس کے رسول (کو)	اور	آخری گھر (اخروی زندگی کو)

فَاِنَّ اللّٰهَ	اَعَدَّ	لِلْمُحْسِنٰتِ [9]	مِنْكُنَّ
تو بیشک اللہ نے	تیار کیا ہے	نیکی کرنے والیوں کے لیے	تم میں سے

اَجْرًا عَظِيْمًا [10] (29)	يٰنِسَآءَ النَّبِیِّ	مَنْ	يَّاْتِ
بہت بڑا اجر	اے نبی کی بیویو!	جو	وہ لائے

مِنْكُنَّ	بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ	يُّضٰعَفْ [11]	لَهَا الْعَذَابُ
تم میں سے	کسی کھلی بے حیائی کو	(تو) دُگنا کردیا جائے گا	اس کے لیے عذاب

ضِعْفَيْنِ ط	وَكَانَ	ذٰلِكَ [12]	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرًا [13] (30)
دو گنا	اور ہے	یہ	اللہ پر	بہت آسان

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

[2] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[3] بعض مفسرین کا خیال ہے کہ اس سے مراد خیبر کی زمین ہے۔

[4] یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا جاتا ہے۔

[5] قُلْ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

[6] ـْنَ جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[7] كُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ یہ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

[8] یہ پیچھے مذکور فعل کا مصدر ہے جو تاکید کے لیے استعمال ہوا ہے اور رخصت کرنے سے مراد میں تمہیں طلاق دے دوں ہے۔

[9] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[10] بنو قریظہ کے اموال اور دوسری فتوحات کی وجہ سے مسلمانوں کی حالت کچھ بہتر ہوگئی تو انصار و مہاجرین کی عورتوں کو دیکھ کر ازواج مطہرات نے رسول ﷺ سے نان و نفقہ میں اضافہ کا مطالبہ کر دیا آپ ﷺ اپنی سادگی کی زندگی ترک کرنے کے لیے تیار نہ تھے رسول ﷺ نے اپنی بیویوں سے ایک ماہ تک کے لیے مقاربت نہ کرنے کی قسم کھالی یہاں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

[11] علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[12] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

[13] "یْ" اصل لفظ کا حصہ ہے، اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَ اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ	اور اس نے تمہیں ان کی زمین کا وارث بنا دیا
وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا	اور انکے گھروں اور انکے مالوں اور (اس) زمین کا (بھی)
لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ	(کہ) تم نے اس پر قدم ہی نہیں رکھا
ع 3 7 19 وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿27﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿27﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ	اے نبی! اپنی بیویوں سے کہہ دیجیے
اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	اگر تم دنیوی زندگی کو چاہتی ہو
وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ	اور اس کی زیب وزینت کو تو آؤ
اُمَتِّعْكُنَّ	میں تمہیں کچھ سامان دے دوں
وَاُسَرِّحْكُنَّ	اور میں تمہیں رخصت کر دوں
سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿28﴾	اچھے طریقے سے رخصت کرنا۔ ﴿28﴾
وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کو چاہتی ہو
وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ	اور اُخروی زندگی کو
فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ	تو بے شک اللہ نے تیار کیا ہے
لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ	تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لیے
اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿29﴾	بہت بڑا اجر۔ ﴿29﴾
يٰنِسَآءَ النَّبِیِّ	اے نبی کی بیویو!
مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ	جو تم میں سے (عمل میں) لائے گی
بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ	کسی کھلی بے حیائی کو (تو)
يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ	اس کے لیے عذاب دوہرا کر کے بڑھایا جائے گا
وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿30﴾	اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔ ﴿30﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ : مکین ومکاں، فاسق وفاجر۔
اَوْرَثَكُمْ : وارث، وراثت، ورثا، میراث۔
اَرْضَهُمْ : ارض وسما، ارض مقدس، اراضی۔
دِيَارَهُمْ : دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
اَمْوَالَهُمْ : مال ودولت، مالی خسارہ۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم۔
كُلِّ : کل تعداد، کل جہان۔
قَدِيْرًا : قدرت، قادر، قدیر۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
لِّاَزْوَاجِكَ : زوجہ، ازدواجی زندگی۔
تُرِدْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
الْحَيٰوةَ : موت وحیات، حیاتی۔
زِيْنَتَهَا : زینت، تزئین وآرائش۔
اُمَتِّعْكُنَّ : متاع کارواں، مال ومتاع۔
جَمِيْلًا : حسن وجمال، جمیل۔
رَسُوْلَهٗ : رسول، رسالت، مرسل الیہ۔
الدَّارَ : دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
اَعَدَّ : مستعد، استعداد۔
لِلْمُحْسِنٰتِ : لہٰذا، الحمد للہ۔
لِلْمُحْسِنٰتِ : حسن اخلاق، محسن، احسان۔
اَجْرًا : اجر عظیم، اُجرت۔
عَظِيْمًا : اجر عظیم، معظم، تعظیم، اعظم۔
يٰنِسَآءَ : تربیت نسواں، حقوق نسواں۔
بِفَاحِشَةٍ : بالمشافہ، بالواسطہ، بالمقابل۔
بِفَاحِشَةٍ : فحش، فحاشی، فواحش، فحش گوئی۔
مُّبَيِّنَةٍ : بیان، مبیّنہ طور پر، فتح مبین۔
يُّضٰعَفْ : ذو اضعاف اقل، اضعاف۔
الْعَذَابُ : عذاب جہنم، عذاب قبر۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَسِيْرًا : میسّر، تیسیر، یسیر۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

تعارف و مقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے، جس کا اظہار اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ سورۃ القمر: 17

اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اس کے متعلق اس تاثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے۔ تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

جس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا۔

6 گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

7 قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

8 انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔(www.bait-ul-quran.org)

9 پاور پوائنٹ سلائیڈز کے ذریعے قرآن فہمی کو آسان بنانا۔(الحمد للہ مکمل قرآن کریم تیار ہے، اساتذہ کرام اسے حاصل کر سکتے ہیں۔)

10 عامۃ المسلمین کو اَحکامِ الٰہی کے مطابق اپنے نبی محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس عظیم کارِ خیر میں شریک ہو سکتے ہیں، جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں "بیت القرآن" کا منفرد اور آسان ترجمہ "مصباح القرآن" اور "تجویدی قاعدہ" متعارف کروائیں، اسے مفت تقسیم فرمائیں اور اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے اَصحابِ خیر ہر ممکن تعاون فرمائیں، جزاکم اللہ خیراً۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان